کتے کی قیمت خبیث ہے، فاحشہ کی مہر (خرچی) خبیث ہے اور پچھنہ لگانے والے کی کمائی خبیث ہے

رافع بن خدیج رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”کتے کی قیمت خبیث ہے، فاحشہ کی مہر (خرچی) خبیث ہے اور پچھنہ لگانے والے کی کمائی خبیث ہے“
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

نبی کریم ﷺ نے ہمیں ناپاک اور نجس کمائی کے متعلق آگاہ فرمایا تاکہ ہم انہیں چھوڑ کر پاکیزہ ذرائع اختیار کریں۔ خبیث ذرائع آمدنی میں سے کتے کی قیمت، فاحشہ کی زنا کی کمائی اور پچھنہ لگانے والے کی کمائی ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6037

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY